**19/02/2026**

**07.40 PM**

**ہیڈ لائنز**

*........ وزیر اعظم نریندر مو دی کا مصنوعی ذہانت کو جمہوری بنانے پر زور۔

*........کشمیری پنڈتوں کی با عزت واپسی اور سلامتی کے تئیں سرکار عہد بند// لیفٹننٹ گورنر// کہا2019سے جمونو کشمیر میں آ رہی ہیں انقلابی تبدیلیاں۔

*........ جمونو کشمیر میں ڈیلی ویج ملازموں کی خدمات کو با قاعدہ کرنے کا مرحلہ وار سلسلہ اگلے مالی سال سے ہوگاشروع// ایوان اسمبلی میں وزیر اعلیٰ کی یقین دہانی۔

*........ وادی میں منشیات کے شکار افراد کی تعداد قریب70ہزار// اسمبلی میں سرکار نے دی جانکاری۔

*........ مقدس ماہ رمضان سائیہ فگن// مساجد اور خانقاہوں میں خصوصی عبادات سے روحانی چہل پہل۔

**وزیر اعظم**

وزیر اعظم نریندر مودی نے مصنوعی ذہانت کو جمہوری بنانے پر زور دیا ہے۔ نئی دلی کے امپیکٹ سمٹ2026کا رسمی طور پر افتتاح کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ AI بھارت منڈپم میں انڈیا دنیا ایک ایسے دور میں داخل ہو رہی ہے، جہاں انسان اور ذہین نظام مل کر تخلیق، کام اور ترقی کریں گے۔ یہ سمٹ16فروری سے شروع ہوا تھا۔

مصنوعی ذہانت کو عالمی بھلائی کےلئے مشترکہ عزم کے ساتھ آگے بڑھنے کی اپیل کر تے میں نہ صرف مواقعے بلکہ مستقبل کا خاکہ بھی دیکھتا AI ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت ہے۔ انہوننے کہا کہ نوجوان بھارت نہ صرف نئی ٹیکنالوجی تیار کرنے والا ایک ملک ہے بلکہ اسے تیزی کے ساتھ اپناتا بھی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ مصنوعی ذہانت انسانی تاریخ کا ایک انقلابی باب ہے۔ بچوں کے تحفظ کی کی AI ضرورت اُجاگ کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ جس طرح نصاب ترتیب دیا جاتا ہے، اُسی طرح دنیا بھی بچوں کےلئے محفوظ اور خاندانی رہنمائی کے تحت ہونی چاہئے۔

**ایل جی**

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کشمیر پنڈتوں کی با عزت واپسی اور ان کی سلامتی کے تئیں وزیر اعظم نریندر مو دی عہد بند ہے۔ انہوننے کہا ہے کہ جمونو کشمیر مینسال2019سے زبردست تبدیلی آ رہی ہے اور انتھک مشقت کے نتیجے میں اس خطے کی شانِ رفتہ کو بحال کیا گیا ہے جبکہ تعمیر و ترقی کی رفتار کو ایک نئی جہت مل گئی ہے۔

منوج سنہا نے کہا کہ عنقریب ہی اس خطے کو دہشت پسندی سے مکمل طور پر نجات دلائی جائے گی۔ جموں میں پروفیسر اشوک کول کی کتاب "Kashmir Nativity Regained" کاافتتاح کرتے ہوئے

لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ وہ کشمیری پنڈتوں کے جذبے کو سلام پیش کر تے ہیں۔ انہوننے کہا کہ ہجرت کرنے والے ہر کنبے نے اپنی جد وجہد کے دوران فلسفے، روحانیت ، ثقافت، زبان اور روایات کو زندہ و جاوید رکھا ہے۔

<u>کلینڈر</u>

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوک بھون جموں میں Legends آف جمونو کشمیر کے ساتھ منسوب کئے گئے کلینڈر کو بھی جا ری کیا۔

یہ کلینڈر Slimline کلینک آف Dietetics اینڈ کلینکل نیوٹریشن کی طرف سے شائع کیا گیا ہے۔

*........اب پیش ہیں جموں کشمیر کے ایوان اسمبلی سے اہم خبریں۔

<u>اسمبلی</u>

جمونو کشمیر اسمبلی میں معمول کی کارروائی آج بھی جا ری رہی۔ اس دوران ممبران نے مختلف مسائل اُٹھائے اور متعلقہ وزیروں نے اُن معاملات کا جواب دیا۔

مطالبات زر پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا کہ ڈیلی ویج ملازموں کی خدمات کو مرحلہ وار بنیاد پر با قاعدہ بنایا جائے گا اور یہ سلسلہ اگلے مالی سال سے شروع کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ کام ایک صاف و شفاف اور منظم انداز سے با عمل لایا جائے گاجس کےلئے دائمی مالی پہلو کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔

عمر عبداللہ نے ایوان کو یقین دلایا کہ سرکار اس دیرینہ مسئلے کا ایک مناسب صاف و شفاف اور قابل عمل حل ڈھونڈنے کےلئے پُر عزم ہے۔ سرکاری محکموں میں خالی پڑی اسامیوں کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکار خالی پڑی اسامیونکی تیز تر اور صاف و شفاف بھرتی عمل یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔

<u>منشیات</u>

اس دوران اسمبلی میں جانکاری دی گئی کہ وادی میں منشیات کی لت میں پڑے افراد کی تعداد70ہزار کے قریب ہے۔ جا وید ریاض کے سوال کے جواب میں محکمہ صحت نے بتایا MLA کہ ان میں سے قریب50ہزار افرادہیروئن کا استعمال کر تے ہیں۔

## ماہ رمضان

آج روزوں کے مہینے، ماہ رمضان المبارک کا پہلا روزہ ہے۔ اس ماہ کے آغاز پر کل رات سے ہی نماز تراویح کا اہتمام شروع ہوا۔

یہ وہ مہینہ ہے جس میں عالمِ انسانیت کےلئے دستور حیات یعنی قرآن کریم کا نزول ہوا ہے۔ اس مہینے میں عبادات اور نیکیوں کے عوض کئی گنا زیادہ ثواب ملتا ہے۔

اس بابرکت مہینے کی فضیلت کے بارے میں وادی کے ایک معروف عالمِ دین اور آثار شریف درگاہ حضرت بل کے امام و خطیب، مولوی ریاض الحق نور آبادی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اپنے پیغام میں کہا۔

## زُبیر سلیم

دینی اور طبی ماہرین کا ماننا ہے کہ روزے انسانی صحت کےلئے ایک تحفہ ہے، جس کی بدولت صحت میں ایک مثبت بدلاؤ آجاتا ہے۔ البتہ ذیابیطس کے مریضوں خاص طور پر بزرگوں کو روزوں کی حالت میں کچھ احتیاط کرنے کی ضرورت ہے۔

اس بارے میں بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر،ڈاکٹر زُبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔

## ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں کشمیریونیورسٹی میں شعبہ کشمیری کے ایک اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر شفقت الطاف نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

**NC**

نیشنل کانفرنس نے سرینگر کے برین نشاط میں سی آر پی ایف کی جانب سے4بٹالنیوں کے قیام کےلئے 1ہزار324کنال اراضی کی حصول کے مجوزہ منصوبے سے دستبرداری کے فیصلے کا خیر مقدم کر تے ہوئے اسے ماحولیات کے تحفظ اور عوامی مفاد کی ایک بڑی کامیابی قرار دیا ہے۔

پارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ اس فیصلے سے برین نشاط اور ملحقہ علاقوں کے قدرتی حسن اور ماحولیاتی توازن کو نقصان پہنچنے سے بچایا گیا ہے۔

**بھاجپا نامہ**

پردیش بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا کے ممبر ست شرما نے کہا ہے کہ نریندر مو دی کی قیادت والی مرکزی سرکار بھارت کی ثقافتی میراث کو تازہ دم کر رہی ہے۔ وہ بی جے پی ہیڈ کواٹر جموں میں ایک کتاب کی رسم رونمائی انجام دینے کے موقعے پر بول رہے تھے۔

پارٹی کے ایک اور راجیہ سبھا ممبر اور سینئر لیڈر غلام علی کھٹانہ نے آج پونچھ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ انہوننے مرکزی بجٹ کو وِکست بھارت کی سمت میں ایک تاریخی نقش راہ قرار دیا۔

بی جے پی کی طرف سے کچی چھاونی جموں میں پنڈٹ دین دیال اُوپادیائے پرشکشن مہا ابھیان کے تحت ضلع سطح کا ایک ورکشاپ کیا گیا۔ ورکشاپ کی صدارت پارٹی کے ضلع صدر راجیش گپتا نے کی۔

پردیش بی جے پی کے ترجمان اویڈوکیٹ پُر نیما شرما نے اُن طالب علموں پر مبینہ لاٹھی چارج کی سخت مذمت کی ہے، جو نیشنل  لا یونیورسٹی کے معاملے پر پُر امن مظاہرہ کر رہے تھے۔

**وقف بورڈ**

زڈی بل کی طرف سے آثار شریف درگاہ حضرت بل میں حالیہ MLAجمونو کشمیر وقف بورڈ نے تعمیر نو اور زیبائش کے کاموں پر اٹھائے گئے سوالات کا مناسب اور متوازن رد عمل ظاہر کیا ہے۔

ایک بیان میں بورڈ نے کہا ہے کہ عقیدہ سیاست سے بالاتر ہے اور یہ کہ آثار شریف میں سب سے مقدس اور انمول تبرک موئے مقدس ہے۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ تبدیل کئے گئے فانوس اور دیگر چیزوں کو با حفاظت محفوظ رکھا گیا ہے۔

**صحافی**

زڈی بل تنویر صادق کی طرف MLA جرنلسٹس ایسو سی ایشن نے Accreditedجموں وکشمیر سے اسمبلی میں سبکدوش صحافیوں کےلئے ایک پنشن سکیم شروع کرنے کی مانگ کی سراہنا کی ہے۔

ایک بیان میں ایسو سی ایشن کے صدر اشونی کمار نے کہا ہے کہ جمہوری اقدار کو بر قرار رکھنے کےلئے کام کرنے والے صحافی سبکدوشی کے بعد سو شل سکیورٹی کے حقدار ہیں۔

**ویلفیئر سوسائٹی**

جمونو کشمیر ویلفیئر سو سائٹی عید گاہ سرینگر کی جانب سے ماہ رمضان کی شروعات پر آج ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں دیگر کئی انجموں اور تنظیموں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

میٹنگ کا مقصد وادی مینغریبوں اور ضرورت مندوں تک امداد پہنچانے کے معاملے اور اقدامات پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ اس موقعے پر سرکار سے درخواست کی گئی کے ضرورت مندوں کو کم سے کم روز مرہ کی زندگی میں کام آنے والے کچھ لازمی اشیاءفراہم کی جائیں۔

*.......اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

**KP**

جمونو کشمیر پولیس نے شوپیان ضلعے سے طارق احمد ملہ اور فردین احمد ملہ نامی2سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کر لی ہے۔یہ دونوں اُٹھمولہ پلوامہ کے باشندے ہیں۔

سیاحتی مقامات کی سلامتی یقینی بنانے کے ایک اقدام کے طور پر گاندربل پولیس نے کئی سیاحتی مقامات پر غیر تسلیم شدہ خدمات فراہم کنند گان کے خلاف ایک خصوصی مہم چلائی۔

یہ مہم خاص طور پر بغیر رجسٹریشن کے کام کرنے والے فوٹو گرافرس پر مرکوز تھی۔ مہم کے دوران 11غیر تسلیم شدہ فوٹو گرافروں کو بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا کی دفعات کے تحت گرفتار کیا گیا۔

**JP**

نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے Avnab Gupta جموں و کشمیرپولیس نے قبضے سے ہیروئن کے کچھ مقدار بر آ مد کی ہے۔ ادھمپور پولیس نے بھی امتیاز احمد نامی ایک سمگلر کو پکڑ کے اُس کے قبضے سے ہیروئن کی کچھ مقدار بر آمدکی ہے۔

راجوری پولیس نے ڈرگ سملنگ میں ملوث گفتار حسین نامی ایک شخص کی تین دُکانوں NDPS ایکٹ کے تحت سربمہر کر دیا ہے۔ ایک اور کارروائی راجوری پولیس نے ایک دہشت پسند سرغنہ کی کچھ زمین کو کوترنکا میں اٹیچ کیا ہے۔

پولیس سٹیشن نو آباد جموں نے ایک لاپتہ خاتون کو باز یاب کرکے، اُسے اسکے اہل خانہ کے ساتھ ملا دیا ہے۔ ضلع پولیس لائنز راجوری کی طرف سے سوِک ایکشن پروگرام کے تحت منعقد کیا گیا والی بال ٹورنامنٹ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ہے۔ فائنل میں چودھری کلب راجوری نے جمونو کشمیر پولیس کی ٹیم کو ہراکر جیت درج کر لی۔

**<u>مطالبہ</u>**

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

**<u>عرس</u>**

جمونو کشمیر میں آج پیرپیران حضرت شیخ سعید عبدالقادر جیلانی ؒ کا یوم وِلادت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔

اسی دوران آج وادی بھر میں بلند پایہ ولی کامل حضرت سعید شاہ قاسم حقانی ؒ کا سالانہ عرس عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ آج ہی حضرت سعید شمس الدین ختلانی ؒ اور حضرت شیخ با با مسعود صاحب ؒ کے عرس بھی مبارکباد منائے گئے ۔

جمونو کشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے ماہ رمضان کی آمدپر عالم اسلام کو مبارکباد پیش کی ہے۔

دریں اثناءآج معروف عالمِ دین مولوی سعید غلام احمد کاملی کے26ویں یوم وِصال پر ان کے مقبرے پر فاتحہ خوانی اور گلباری کی گئی۔

**<u>انتقال</u>**

نامور ماہر تعلیم، ادیب اور شاعر پروفیسر بشر بشیر کے برادر انتقال کر گئے ہیں۔ ان کے انتقال پر مختلف سماجی اور ادبی تنظیموں نے رنج و غم کا اظہار کیا۔

ریڈیو لسنرس ایسوسی ایشن کے صدر ساحل ڈار نے بھی ان کے انتقال پر لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

**<u>فرار</u>**

**جموں کے ایک جوینائل ہوم سے2پاکستانی قیدیوں کے ہمراہ فرار ہونے والے کی ایک کی تلاش بڑے پیمانے پر جا ر ی ہے جبکہ اس واقعے میں ابھی تک5مشتبہ افراد کو Gangster گرفتار کیا گیا ہے۔ حالانکہ فرار ہونے والے2پاکستانی باشندوں کو بھی 20گھنٹوں کے اندر ہی ہریانہ میں امبالہ ریلوے سٹیشن سے پکڑا گیا۔**

**نے 2پاکستانی باشندوں کے ہمراہ جوینائل ہوم Gangster کارا جیت سنگھ عرف گُگا نام کے اس میں تعینات حفاظتی اہلکاروں پر حملہ کرکے راہ فرار اختیار کی تھی۔ اس واقعے میں 2 محافظ کی تلاش بڑے پیمانے پر جا ری ہے۔ ڈیوٹی مینکوتاہی Gangster زخمی ہوئے تھے۔ مفرور سمیت6اہلکار معطل کئے گئے ہیں-ASI برتنے کی پاداش میں ایک**

**<u>موسم</u>**

**محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت20 اعشاریہ1 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفر اعشاریہ7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت27ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر11منٹ اور**

**غروب آفتاب شام6 بجکر19منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر**

**کشمیری میں نشر ہو گا ۔**

**خدا حافظ۔**

**..................................**

**....................**

**..........**